اربابِ مدارس خصوصی توجہ فرمائیں!

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مجلسِ عاملہ کے اجلاس منعقدہ ۲۱ربیع الثانی ۱۴۲۴ھ / ۲۲جون ۲۰۰۳ء بروز اتوار، مجلسِ شوریٰ کے اجلاس منعقدہ ۲۲ربیع الثانی ۱۴۲۴ھ / ۲۳جون ۲۰۰۳ء بمقام مرکزی دفتر ملتان اور مجلسِ عاملہ کے اجلاس منعقدہ ۱۹جمادی الاولیٰ ۱۴۲۴ھ / ۲۰جولائی ۲۰۰۳ء بمقام مری (زیرِ صدارت حضرت صدرالوفاق مولانا سلیم اللہ خان صاحب مدظلہٗ) میں متعدد اہم فیصلے کیے گئے جو تمام اربابِ مدارس کی خدمت میں بغرضِ اطلاع و عمل در آمد، شائع کیے جارہے ہیں۔ اہلِ مدارس سے التماس ہے کہ ان فیصلوں پر عمل در آمد کو یقینی بنائیں اور قرب وجوار کے مدارس کو مطلع فرماکر شکریہ کا موقع بخشیں۔

والسلام

(مولانا) محمد حنیف جالندھری
ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان
28-08-2003